09/12/2021

پریس اطلاعات بیورو
(اردو یونٹ)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اترپردیش، لکھنؤ

ضلع متھرا کے مویشی اسپتال، سانچولی کی مستحکم کاری کے لیے 14.94 لاکھ روپئے کی رقم منظور

لکھنؤ: 9/دسمبر 2021

اتر پردیش حکومت نے ریاست میں مویشی اسپتال خدمات نیز مویشی صحت کی بہتری کے لیے ضلع متھرا کے مویشی اسپتال، سانچولی، ترقیاتی بلاک، نندگاؤں کی مستحکم کاری کے لیے 14.94 لاکھ روپئے کی رقم دوسری قسط کے طور پر رواں مالیاتی سال کے لیے منظور کی ہے۔ مویشی اسپتال کے توسط سے مقامی سطح پر مویشی خدمات کے لیے ضروری غذا اور آلات کے بندوبست کو یقینی بنایا جاسکے گا۔

محکمہ مویشی پروری کے ذریعہ اس ضمن میں حکم نامہ جاری کرتے ہوئے ضلع فیروز آباد کے چیف مویشی میڈیکل افسر کو ضروری ہدایت دی گئی ہے۔ حکم نامہ میں کہا گیا ہے کہ منظور رقم کی نکاسی اور خرچ مجوزہ پروگراموں اور مدوں میں اسکیم کے لیے مقررہ گائیڈ لائن پر عمل یقینی بناتے ہوئے کیا جائے۔

☆☆☆☆☆